26224 ـ سعي كي ادائيگي بھولنا

سوال

ميں نے فريضہ حج ادا كيا اور ميرا يہ حج تمتع تھا لھذا ميں نے عمرہ كي ادائيگي كے بعد احرام كھول ديا، اور آٹھ تاريخ كودوبارہ احرام باندھا اور حج كے تمام اركان ادا كيے ليكن سعي كرنا بھول گيا اورايسا ميں نے عمدا نہيں كيا لھذا اب ميرے ذمہ كيا لازم آتا ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

آپ پر لازم ہے كہ آپ مكہ مكرمہ واپس جاكرحج كي سعي كريں كيونكہ حج تمتع كرنےوالے پر دوبار سعي كرنا لازم ہے ، ايك سعي توعمرہ كي اور دوسري حج كےليے .

اللہ تعالي ہي توفيق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ عليہ وسلم اور ان كي آل اور صحابہ كرام پر اپني رحمتيں نازل فرمائے .